پریس ریلیز

آج مورخہ 02 مئی 2025 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کی بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی این جی او (انصاف کی تلاش) کے وفد سے ملاقات۔

ملاقات میں ارشد علی فاروقی ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، رقیہ عنبرین ڈپٹی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر افتخار مبارک (ایگزیکٹیو ڈائریکٹر) صبا شیخ (پروگرام کوآرڈینیٹر) مدثر احمد طاہر سید مقداد مہدی (ماہر قانون) نے شرکت کی۔ ملاقات میں بچوں پر تشدد، بدسلوکی، جنسی استحصال، چائلڈ لیبر کی روک تھام، انسداد عصمت دری قوانین کے حوالے, (پروگرام آفیسر) سے عوام میں آگاہی، سپیشل پراسیکیوٹرز کی ٹریننگ اور انٹی ریپ ایکٹ 2021 کی پاکستان میں بولے جانے والی تمام زبانوں میں ترجمہ کروانے کے حوالے سے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کی سربراہی میں شرکاء نے بچوں کے حقوق اور جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انسداد عصمت دری قوانین سے متعلق عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لئے تمام قوانین کا اردو زبان میں ترجمہ کروانے اور سپیشل پراسیکیوٹرز برائے انٹی ریپ کی ٹریننگ کروانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے این جی او (انصاف کی تلاش) کی جانب سے بچوں کے حقوق کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے خوش آئین قرار دیا اور افتخار مبارک ایگزیکٹو ڈائریکٹر انصاف کی تلاش، (این جی او) کو انٹی ریپ ایکٹ 2021 اور انٹی ریپ رولز کا کتابچہ بطور تحفہ دیا۔

اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق خواتین اور بچوں کے حقوق اور جان ومال کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح اور آئینی ذمہ داری ہے۔ ریاست اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بچوں اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔

ترجمان دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب